


# پری فزیبلیٹی تحقیق

## (میڈیکل ٹرانسکرپشن )

SMEDA

سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی

وزارت صنعت و پیداوار

حکومت پاکستان

www.smeda.org.pk


**ہیڈ آفس**

فورتھ فلور، بلڈنگ نمبر 3، ایوانِ اقبال کمپلیکس، ایجرٹن روڈ، لاہور۔

فون 92 42 111 111 456

فیکس 92 42 36304926-7

helpdesk@smeda.org.pk

**ریجنل آفس پنجاب**

بلڈنگ نمبر 3، فلور 3، ایوان اقبال کمپلیکس، ایجرٹن روڈ، لاہور

ٹیلی فون: (042) 111-111-456

فیکس نمبر: (0423) 36304926-7

helpdesk.punjab@smeda.org.pk

**ریجنل آفس سندھ**

بحریہ کمپلیکس 2، فلور 5، ایم ٹی خان روڈ، کراچی

ٹیلی فون: (021) 111-111-456

فیکس نمبر: (021) 35610572

helpdesk-sindh@smeda.org.pk

**ریجنل آفس خیبر پختونخوا**

گراؤنڈ فلور، سٹیٹ لائف بلڈنگ، دی مال، پشاور

ٹیلی فون: (091) 9213046-47

فیکس نمبر: (091) 5286908

helpdesk-khyberpakhtunkhawa@smeda.org.pk

**ریجنل آفس بلوچستان**

بنگلو نمبر: 15-A، چمن ہاؤسنگ سکیم، ایئرپورٹ روڈ، کوئٹہ

ٹیلی فون: (081) 2831623, 2831702

فیکس نمبر: (081) 2831922

helpdesk-balochaistan@smeda.org.pk


**نوٹ**: سمیڈا کی جانب سے وزیراعظم یوتھ بزنس لون سے متعلقہ تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جارہی ہیں

| صفحہ نمبر | فہرست عنوانات | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 2 | اظہار لاتعلقی | 1 |
| 2 | دستاویز کا مقصد | 2 |
| 2 | سمیڈا کا تعارف | 3 |
| 3 | سکیم کا تعارف | 4 |
| 3 | اجمالی جائزہ | 5 |
| 3 | کاروبار و مصنوعات کا مختصر بیان | 6 |
| 4 | انتہائی قابل توجہ امور | 7 |
| 4 | ابتدائی و عملی استعداد | 8 |
| 4 | سرمایہ کاری کیلئے جغرافیائی مواقع | 9 |
| 4 | منصوبے کی کل لاگت کا خلاصہ | 10 |
| 5 | معاشی کیفیت | 10.1 |
| 5 | درکار سرمایہ | 10.2 |
| 5 | کل لاگت کاروبار | 10.3 |
| 6 | درکار زمین | 10.4 |
| 6 | آئی ٹی آلات | 10.5 |
| 7 | دفتری سامان کی تفصیل | 10.6 |
| 7 | درکار فرنیچر و لوازمات | 10.7 |
| 7 | درکار افرادی قوت | 10.8 |
| 8 | آمدن ۔ متوقع آمدن اور پیداوار | 10.9 |
| 9 | ضمیمہ جات | 11 |
| 9 | آمدن کا گوشوارہ (انکم سٹیٹمنٹ) | 11.1 |
| 10 | اثاثوں اور واجبات کا گوشوارہ (بیلنس شیٹ) | 11.2 |
| 11 | گردش نقد کا گوشوارہ (کیش فلو) | 11.3 |
| 12 | سودمند انتظامی تجویز | 11.4 |
| 13 | کارآمد روابط | 11.5 |
| 14 | کلیدی مفروضے | 12 |


**نوٹ**: سمیڈا کی جانب سے پرائم منسٹر یوتھ بزنس لون سے متعلق تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جا رہی ہیں

## 1۔اظہارِلاتعلقی ( DISCLAIMER )

یہ معلوماتی دستاویز موضوع سے متعارف کرواتی اور اس بارے میں عمومی تصور اور معلومات دیتی ہے۔ اگرچہ، اس دستاویز میں شامل مواد مختلف باوثوق ذرائع سے جمع کردہ ڈیٹا/ معلومات پر مبنی ہے، مگر اس کی بنیاد مخصوص مفروضات پر بھی ہے جو مختلف صورتوں میں مختلف ہو سکتے ہیں۔ معلومات کی درستگی یا معتبریت کے بارے میں کوئی دعوے یا یقین دہانیوں کے بغیر من وعن پیش کیا گیا ہے۔ اگرچہ اس دستاویز کی تدوین میں حد درجہ احتیاط اور توجہ برتی گئی ہے، لیکن اس میں دی گئی معلومات متعلقہ عوامل میں کسی تبدیلی کی وجہ سے فرق ہو سکتے ہیں، اور اصل نتائج پیش کردہ معلومات سے خاصے مختلف ہو سکتے ہیں۔ سمیڈا (SMEDA)، اس کے ملازمین اس دستاویز کی وجہ سے کی گئی کسی سرگرمی کے نتیجے میں ہونے والے کسی بھی مالی یا دیگر نقصان کے ذمہ دار نہیں۔ شامل معلومات مزید کسی پروفیشنل مشاورت کو خارج از امکان نہیں بناتی۔ اس دستاویز کے متوقع استعمال کنندگان کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اضافی کاوش کریں اور ایک باوثوق فیصلہ کرنے کے لیے ضروری معلومات اکٹھی کریں، بشمول معلومات پر عمل کرنے کے کسی بھی فیصلے سے قبل کسی کنسلٹنٹ/تکنیکی ماہر کے ساتھ پروفیشنل مشاورت۔ سمیڈا کی جانب سے پیش کردہ خدمات کے متعلق مزید معلومات کے لیے ہماری ویب سائیٹ پر رابطہ کریں: www.smeda.org.pk

## 2۔ دستاویز کا مقصد( PURPOSE OF THE DOCUMENT )

ابتدائی امکانات جانچنے کی اس سٹڈی کا بنیادی مقصد ممکنہ کاروباری افراد کو سرمایہ کاری کے لیے پروجیکٹ کی شناخت میں معاونت دینا ہے۔ پروجیکٹ کی ابتدائی جانچ سرمایہ کاری کے اہم فیصلوں کی بنیاد مہیا کر سکتی ہے اور اس مقصد کو پورا کرنے کی خاطر یہ دستاویز/سٹڈی پروجیکٹ کا بنیادی تصور وضع کرنے، آغاز اور پروڈکشن، مارکیٹنگ، فنانس اور کاروباری چلانے کے انتظامات کے مختلف پہلوؤں کا احاطہ کرتی ہے۔

اس دستاویز کا مقصد ممکنہ سرمایہ کاروں کو میڈیکل ٹرانسکرپشن میں سرمایہ لگانے کے لیے کاروبار کی عمومی تفہیم مہیا کرنا ہے تاکہ انہیں سرمایہ کاری کے اہم فیصلوں میں مدد ملے۔

دستاویزی معلومات سے محروم یا بہت کم دستاویزی معلومات والے شعبوں کے لیے ابتدائی جائزہ رپورٹیں تیار کرنے کی ضرورت اس لیے بھی زیادہ نمایاں ہوگئی ہے کیونکہ اس قسم کی رپورٹوں سے پہلے کی ریسرچ مخصوص ٹوٹکے، آزمائش اور خطا کے ذریعے موجودہ کاروباروں کے وضع کردہ بہترین طور طریقے اور مخصوص صنعتی طریقے آشکار کرتی ہیں جو کاروبار قائم کرنے اور کامیاب طریقے سے چلانے کے مختلف پہلوؤں میں راہنما بن گئے۔

پوری دستاویز کا بغور مطالعہ کرنے کے علاوہ آپ کو چاہیے کہ آگے دیئے گئے اہم پہلوؤں کا خیال رکھیں جو سرمایہ کاری کے کسی بھی فیصلے کی بنیاد ہیں۔

## 3۔ سمیڈا کا تعارف( INTRODUCTION OF SMEDA )

چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کی ترقی کا ادارہ (سمیڈا) حکومت پاکستان نے 1998ء میں قائم کیا تاکہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری شعبے (SME) کو ترقی دینے کے ذریعے معیشت میں نئی جان ڈالی جا سکے۔

''روزگار پیدا کرنے اور قومی آمدنی میں بڑھوتری میں معاونت'' کے جذبے کے ساتھ، SME شعبے کو ترقی دینے کے ذریعے، SMEs کی تعداد، دائرہ عمل اور مقابلہ بازی کو فروغ دینے کے ذریعے ''سمیڈا نے' مخصوص شعبوں کی ریسرچ' انجام دی ہے تاکہ پالیسی، فنانس تک رسائی، کاروبار کے فروغ کی خدمات، اہم اقدامات اور ادارے کی سطح پر اشتراک عمل اور نیٹ ورکنگ کے اقدامات کو شناخت کی جا سکے۔

سرمایہ کاری کے کلیدی شعبوں میں ابتدائی تحقیقی جائزوں کی تیاری اور تشہیر سمیڈا کی جانب سے SME معاونت کا نشان امتیاز رہا ہے۔

ان ابتدائی تحقیقی جائزوں کے ساتھ ساتھ سمیڈا نے SMEs کو وسیع پیمانے پر فروغِ کاروبار کی خدمات بھی پیش کی ہیں۔ ان خدمات میں ہیلپ ڈیسک سروسز کے ذریعے کاروباری راہنمائی کے علاوہ ماہرین اور کنسلٹنٹس کی نشاندہی اور ضروریات کی بنیاد پر تعمیرِ استعداد کے مختلف النوع پروگرام بھی شامل ہیں۔

**نوٹ**: سمیڈا کی جانب سے پرائم منسٹر یوتھ بزنس لون سے متعلق تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جا رہی ہیں

## 4۔ سکیم کا تعارف (INTRODUCTION TO SCHEME)

وزیراعظم کی جانب سے نوجوانوں کے لئے قرضہ سکیم کا اجراء نوجوان کاروباری افراد کے لئے پانچ ارب روپے کی لاگت سے وزیراعظم کی جانب سے شروع کی گئی ''چھوٹے کاروباری قرضوں کی سکیم'' (PM Youth Bussiness Loan) برائے سال 2013-14ء کا مقصد نامزد کردہ مالیاتی اداروں کے ذریعے رواں سال میں ایک لاکھ افراد کو 8 فیصد مارک اپ پر قرضہ مہیا کرنا ہے اور ابتدائی طور پر کام نیشنل بینک آف پاکستان اور فرسٹ وویمن بینک لمیٹڈ کے ذریعے انجام دیا جائے گا۔

آٹھ سال تک کی معیاد کے لئے اور 10:90 تناسب کا قرضہ (Debt) اور ذاتی سرمایہ (Equity) کے ساتھ چھوٹے کاروباری قرضے پاکستان بھر میں **SME** مالکان کو دیئے جائیں گے جس میں پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا، بلوچستان، گلگت بلتستان، آزاد جموں وکشمیر اور فاٹا کو متناسب نمائندگی دی جائے گی۔

روزگار کے مواقع فراہم کرنے اور قومی آمدنی میں اضافے کے لئے چلنے والی اس سکیم کا مقصد چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری شعبے کی ترقی کو یقینی بنانا ہے۔

سکیم کے تحت چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری شعبے میں وسعت اور مقابلے کے رجحان کے لئے حکومت ہر ممکن معاونت فراہم کر رہی ہے۔ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کو ترقی دینے کے ادارے **SMEDA** نے وزیراعظم کی ہدایت پر پچاس سے زائد شعبوں کی نشاندہی کی ہے۔

تاہم سکیم کا دائرہ کار صرف انہی پچاس قسم کے کاروبار تک محدود نہیں ہے۔ کاروباری افراد کسی بھی بہتر منصوبے کی نشاندھی کر سکتے ہیں۔ **SMEDA** کاروبار کی منصوبہ بندی کیلئے ہر طرح کی تکنیکی رہنمائی فراہم کر رہا ہے اور اس سلسلے میں ادارے کی ویب سائٹ **www.smeda.org.pk** سے استفادہ حاصل کیا جاسکتا ہے۔

## 5۔ اجمالی جائزہ (EXECUTIVE SUMMARY)

اس پری فزیبلٹی دستاویز میں پاکستان کے کسی بھی بڑے شہر کے تجارتی علاقے میں میڈیکل ٹرانسکرپشن کے قیام کی مکمل رہنمائی فراہم کی گئی ہے۔ اس کاروبار میں طبی معلومات کو آڈیو ریکارڈنگ سے صحیح میڈیکل روپوٹ کی تحریر (الیکٹرونک و پرنٹ شکل) کی صورت میں منتقل کیا جاتا ہے۔

میڈیکل سٹور کے اس کاروبار میں ابتدائی طور پر ان 5 ورکرز کی ضرورت ہوگی جو ڈاکٹر کے نسخے پڑھنے کے ساتھ ساتھ میڈیکل شعبے سے جڑی مکمل ضروری معلومات رکھتے ہوں۔ یہ کاروبار شفٹوں کی بنیاد پر چلایا جاسکتا ہے اور اس کے لئے جگہ کرائے پر بھی لی جاسکتی ہے۔ یہ کاروبار کرنے والے سرمایہ کار کو امریکہ میں ایک ایسی کمپنی سے خریداری کا معاہدہ کرنا ہوگا، جو کمپنی کو ٹرانسکرپشن آرڈر دے سکے، مزید اس کاروبار میں روزانہ چھ گھنٹے صرف اور صرف میڈیکل ٹرانسکرپٹس کی ٹائپنگ پر صرف کئے جائیں گے۔

میڈیکل ٹرانسکرپشن کے اس کاروبار کی کل لاگت تقریباً 1.10 ملین روپے ہے جس میں 0.76 ملین روپے مستقل سرمایہ ہے جس کے ساتھ 0.34 ملین روپے گردشی سرمایہ شامل ہے۔ اس منصوبے کا موجودہ قدر حاصل 6.47 ملین روپے اور اندرونی شرح منافع 53 فیصد جو 3.18 سال کے عرصہ میں واپس آئے گا۔ اس منصوبے میں 90 فیصد بینک کا قرضہ اور 10 فیصد ذاتی سرمایہ شامل ہے۔ اس کاروبار کی قانونی حیثیت ملکیت واحدہ تجویز کی گئی ہے۔ امریکی اور دیگر ترقی یافتہ ممالک کی ہیلتھ کیئر انڈسٹری متعلقہ اصلاحات اور انگریزی زبان سے تفصیلی آگاہی ہونی چاہیے۔

## 6۔ کاروبار و مصنوعات کا مختصر بیان (BRIEF DESCRIPTION OF PROJECT & PRODUCT)

میڈیکل ٹرانسکرپشن ایک ایسا عمل ہے جس میں طبی معلومات کو آڈیو ریکارڈنگ سے درست میڈیکل رپورٹ کی تحریر (الیکٹرانک میڈیا و پرنٹ شکل) کی صورت میں منتقل کیا جاتا ہے۔ ایسی میڈیکل رپورٹس کی کئی قسمیں ہیں مگر سب سے زیادہ تاریخ، طبی معائنہ، مشورہ، آپریٹو اور ڈسچارج رپورٹس سے واسطہ پڑتا ہے۔ ایک ڈیجیٹل ٹرانسکرائبر فائلوں کو ریکارڈ کرتا، محفوظ کرتا، کھولتا اور لہر کی صورت میں چلاتا ہے۔ ایک معیاری ٹرانسکرائبر کے پاس ایسی فائلوں کو جلد ٹرانسفر کرنے کیلئے کمپریس کرنے کا آپشن ہوتا ہے۔ امریکہ میں سخت ضابطوں اور سرکاری قوانین کی وجہ سے ہیلتھ کیئر انڈسٹری بہت زیادہ دستاویزی کام پر انحصار کرتی ہے۔ ایک میڈیکل ٹرانسکرپشن قائم کرنے کیلئے سرمایہ کار کو سروسز فراہم کرنے والے کسی معروف ادارے سے ہائی بینڈ وڈتھ انٹرنیٹ کنکشن کے ساتھ لائسنس شدہ میڈیکل ٹرانسکرپشن سوفٹ ویئر حاصل کرنا چاہیے۔ زیرنظر پری فزیبلٹی جائزہ میں مجوزہ میڈیکل ٹرانسکرپشن مرکز کا قیام 571 مربع فٹ کی کرائے کی ایسی عمارت میں تجویز کیا گیا ہے جہاں اچھی رفتار کا انٹرنیٹ کنکشن، بجلی اور ٹیلی فون کے کنکشن دستیاب ہوں۔ میڈیکل ٹرانسکرپشن سنٹر 8 گھنٹے کی روزانہ شفٹ میں 6 گھنٹے فعال رہے گا۔ میڈیکل ٹرانسکرائبر 6 گھنٹے تک ٹائپ کیا کرینگے جبکہ روزانہ ہر شفٹ میں اسائنمنٹ کی تفویض،

وضاحتی سیشن اور دیگر سرگرمیوں کیلئے 2 گھنٹے درکار ہونگے۔ابتدائی طور پر پہلے سال میں متوقع فروخت 3.29 ملین روپے ہونے کا اندازہ ہے جس میں سالانہ 10 فیصد اضافہ اور 10 افراد کو روزگار فراہم کرے گا اس کاروبار کی قانونی حیثیت ملکیت واحدہ تجویز کی جاتی ہے۔

## 7۔ انتہائی قابل توجہ امور (CRITICAL FACTORS)

ایک کامیاب میڈیکل ٹرانسکرپشن سنٹر قائم کرنے کے لئے حسب ذیل ضروری امور کو پیش نظر رکھا جانا چاہیے۔

☆......یہ کاروبار کرنے کے لئے سرمایہ کار یا اہم سٹاف کا پس منظر' تجربہ اور تکنیکی قابلیت۔

☆......کاروباری آرڈر کا بلا تعطل حصول۔

☆......امریکی ہیلتھ کیئر انڈسٹری متعلقہ اصلاحات اور انگریزی زبان سے تفصیلی آگاہی۔

☆......تربیت یافتہ عملے کی بھرتی اور افرادی قوت کا انڈسٹری کی ضروریات کے مطابق تربیت یافتہ ہونا۔

☆......کاروبار کو کرنے اور چلانے کا بہترین طریقہ۔

☆...... پیداوار میں اضافہ کیلئے جدید ترین آلات اور ٹیکنالوجی کا استعمال تا کہ اعلیٰ ترین سطح کے مسابقتی ماحول کو تخلیق کیا جاسکے۔

## 8۔ ابتدائی و عملی استعداد (INSTALLED AND OPERATIONAL CAPACITIES)

پہلے سال کے دوران ایک شفٹ میں 5 میڈیکل ٹرانسکرپشنسٹ کے ذریعے کام شروع کیا جاسکتا ہے۔ یہ کاروبار پہلے ایک شفٹ میں چلایا جاسکتا ہے۔ پاکستان میں اس طرح کا کام کرنے والے سرمایہ کار کے لئے ضروری ہے کہ وہ امریکہ کی کسی کمپنی سے پیشگی خرید کا معاہدہ کرلے۔اس سے کاروباری آرڈر یقینی بنائے جاسکیں گے۔

یہ کاروبار کسی موزوں علاقے میں کرائے کی ایسی عمارت میں شروع کیا جاسکتا ہے جہاں تمام مصرفات (Utilities) دستیاب ہوں۔ بنیادی طور پر آفس کے طور پر ایسے ہال کی ضرورت ہوگی جہاں ٹرانسکرپشنسٹ آرام سے بیٹھ سکیں۔ایک اندازے کے مطابق پہلے سال کے اختتام تک یہ کاروبار 65 فیصد صلاحیت کا استعمال کرتے ہوئے ہر سال 3 فیصد اضافہ حاصل کرے گا۔شروع میں تجویز دی جاتی ہے کہ صرف ایک شفٹ میں کام کیا جائے تاہم پیداواری اضافہ کی وجہ سے اسے لچکدار بنا کر تین شفٹ تک پھیلایا جاسکتا ہے۔

## 9۔ سرمایہ کاری کے لیے جغرافیائی مواقع (GEOGRAPHICAL POTENTIAL FOR INVESTMENT)

میڈیکل ٹرانسکرپشن بزنس پاکستان بھر میں کسی بھی شہر میں کیا جاسکتا ہے۔مقام کا انتخاب خالصتاً سرمایہ کار کی اپنی پسند پر منحصر ہے۔

## 10۔ منصوبہ کی کل لاگت کا خلاصہ (PROJECT COST SUMMARY)

وزیراعظم یوتھ بزنس لون کے تحت میڈیکل ٹرانسکرپشن کا بطور کاروبار جائزہ لینے کے لئے ایک تفصیلی مالیاتی ماڈل تیار کیا گیا ہے۔اس حصے میں لاگت اور آمدن سے متعلقہ کئی جائزوں کے نتائج دیئے گئے ہیں۔منصوبے کی انکم سٹیٹمنٹ' کیش فلو سٹیٹمنٹ اور بیلنس شیٹ کو منسلک کیا گیا ہے۔

## 10.1۔ معاشی کیفیت (Project Economics)

درج ذیل جدول میں اندرونی شرح منافع، کل لاگت کی مدت واپسی اور موجودہ قدر حاصل کو دکھایا گیا ہے۔

**جدول 1: منصوبہ کے معاشی پہلو**

| مندرجات | تفصیل |
|---|---|
| اندرونی شرح منافع (فیصد) | 53 فیصد |
| کل لاگت کی مدت واپسی (سال) | 3.18 |
| موجودہ قدر حاصل | 6,473,199 |

اس کاروبار میں سرمایہ پر منافع کا انحصار بڑی حد تک اس بات پر ہے کہ سرمایہ کار میڈیکل ٹرانسکرپشن کے متعلق کس قدر عملی واقفیت رکھتا ہے اور اس دستاویز میں اجاگر کی گئی دیگر باتوں پر کس قدر عمل کر پاتا ہے۔

## 10.2۔ درکار سرمایہ (Project Financing)

حسب ذیل جدول بینک قرضہ اور دیگر جملہ تفصیلات پیش کرتا ہے۔

**جدول 2: منصوبہ کیلئے درکار سرمایہ**

| مندرجات | تفصیل |
|---|---|
| کل ذاتی سرمایہ (10 فیصد) | 109,734 |
| بینک کا قرضہ (90 فیصد) | 987,610 |
| شرح سود سالانہ | 8 فیصد |
| قرض کی مدت | 8 سال |
| رعائتی مدت | 1 سال |

## 10.3۔ کل لاگت کاروبار (Project Cost)

مجوزہ کاروبار کے لئے مندرجہ ذیل ضروریات کی نشاندہی کی گئی ہے۔

**جدول 3: کل لاگت کاروبار**

| مندرجات | رقم (روپے) |
|---|---|
| میڈیکل ٹرانسکرپشنسٹ کے لیے آئی ٹی آلات | 401,500 |
| فرنیچر اور لوازمات | 177,500 |
| آفس آلات | 128,000 |
| قبل از عمل لاگت | 53,884 |
| **کل مستقل لاگت** | **760,884** |

| | |
|---|---|
| ابتدائی گرشی سرمایہ | |
| سامان کے سپئیر پارٹس کی انوینٹری | 22,062 |
| براہ راست عمارت کا کرایہ | 91,392 |
| نقد رقم | 223,006 |
| **کل گردشی سرمایہ** | **336,460** |
| **منصوبے کی کل لاگت** | **1,097,344** |

## 10.4۔ درکار زمین (Space Requirement)

اس کاروبار کے لئے اندازاً 571 مربع فٹ جگہ درکار ہوگی۔اس سلسلے میں سفارش کی جاتی ہے کہ یہ جگہ کرائے پر ہو۔کرایہ کا حجم 20,000 سے 25,000 تک ہونا چاہیے۔ مالیاتی جائزوں میں فی مہینہ 22,850 روپے کرائے کی مد میں شامل کئے گئے ہیں۔ایک ماہ کا پیشگی کرایہ بمعہ تین ماہ کا کرایہ بطور سکیورٹی ان جائزوں میں شامل ہے۔

## 10.5۔ آئی ٹی آلات (IT Equipment for MTs Details)

اس ٹیبل میں منصوبے کیلیئے درکار سامان کی تفصیل پیش کی گئی ہے۔

**جدول4: مشینری وآلات**

| آلات | تعداد | قیمت فی یونٹ (روپے) | کل قیمت (روپے) |
|---|---|---|---|
| تجدید شدہ کمپیوٹر میڈیکل ٹرانسکرپشنسٹ (MTs) کے لیے | 5 | 18,000 | 90,000 |
| تجدید شدہ کمپیوٹر کوالٹی کنٹرولرز کے لیے | 1 | 18,000 | 18,000 |
| تجدید شدہ کمپیوٹر فارمیٹر کے لیے | 1 | 18,000 | 18,000 |
| تجدید شدہ کمپیوٹر کمپیوٹر سرور | 1 | 50,000 | 50,000 |
| ہیڈفون | 7 | 500 | 3,500 |
| فوٹ پیڈلز(Foot Pedals) | 7 | 3,000 | 21,000 |
| یو پی ایس بمعہ تین بیٹریاں | 1 | 75,000 | 75,000 |
| پرنٹر | 1 | 20,000 | 20,000 |
| سکینر | 1 | 5,000 | 5,000 |
| انٹرنیٹ کنکشن کی تنصیب | 1 | 8,000 | 8,000 |
| وائرلیس روٹر | 2 | 2,500 | 5,000 |
| ریفرنیس بکس (سیٹ) | 2 | 16,500 | 33,000 |
| سوفٹ ویئر لائسنس | 1 | 55,000 | 55,000 |
| ٹوٹل آلات | | | 401,500 |

## 10.6۔ دفتری آلات کی تفصیل (Office Equipment)

مندرجہ ذیل جدول میں منصوبے کے لئے درکار دفتری سامان کی تفصیل موجود ہے۔

**جدول 5: درکار دفتری سامان**

| آلات | تعداد | قیمت فی یونٹ (روپے) | کل قیمت کوسٹ (روپے) |
|---|---|---|---|
| مالک کیلئے لیپ ٹاپ | 1 | 45,000 | 45,000 |
| ٹیلی فون سیٹ | 1 | 1,000 | 1,000 |
| فیکس مشین | 1 | 12,000 | 12,000 |
| جنریٹر | 1 | 70,000 | 70,000 |
| کل | | | 128,000 |

## 10.7۔ درکار فرنیچر و لوازمات (Furniture and Fixture)

فرنیچر و لوازمات کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

**جدول 6: فرنیچر و لوازمات**

| آلات | تعداد | قیمت فی یونٹ (روپے) | کل قیمت (روپے) |
|---|---|---|---|
| کمپیوٹر میز اور کرسیاں | 2 | 10,000 | 20,000 |
| ورک اسٹیشن اور کرسیاں | 7 | 7,500 | 52,500 |
| سائن بورڈ | 1 | 5,000 | 5,000 |
| ائیر کنڈیشن | 2 | 50,000 | 100,000 |
| مکمل فرنیچر اور لوازمات کی قیمت | | | 177,500 |

## 10.8 درکار افرادی قوت (Human Resource Requirement)

ایک شفٹ میں میڈیکل ٹرانسکرپشن سنٹر 8 گھنٹے کام کرے گا۔ مجوزہ منصوبے کے لئے درکار افرادی قوت کی تفصیل حسب ذیل ہوگی۔

**جدول 7: درکار افرادی قوت**

| عہدہ | تعداد | تنخواہ/ماہانہ روپے | سالانہ تنخواہ |
|---|---|---|---|
| سی ای او/ مالک/ فنانس اینڈ ایڈمنسٹریشن منیجر | 1 | 25,000 | 300,000 |
| سسٹم ایڈمنسٹریٹر (آئی ٹی ایکسپرٹ)/ ڈیٹا ڈسٹیبویشن منیجر | 1 | 25,000 | 300,000 |
| میڈیکل ٹرانسکرپشنسٹ | 5 | 15,000 | 900,000 |
| کوالٹی کنٹرول ایگزیکٹو | 1 | 20,000 | 240,000 |
| فارمیٹرز | 1 | 12,000 | 144,000 |
| آفس بوائے | 1 | 10,000 | 120,000 |
| **کل** | **10** | | **2,004,000** |

## 10.9 آمدن۔ متوقع آمدن اور پیداوار (Revenue Generation)

پہلے سال کے دوران میڈیکل ٹرانسکرپشن کے کاروبار سے متوقع آمدن 3,290,625 روپے ہے جس کی تفصیلات حسب ذیل جدول میں دکھائی گئی ہے۔

**جدول 8: پہلے سال کیلئے متوقع آمدن کا اصول**

| خدمات کی | متوقع فروخت |
|---|---|
| ابتدائی استعداد | 65 فیصد |
| آمدن | 3,290,625 روپے |
| قیمت فروخت کی شرح نمو | 10 فیصد |
| برآمدات | 100 فیصد |

## 11۔ ضمیمہ جات (ANNEXURES)

### 11.1۔آمدن کا گوشوارہ (INCOME STATEMENT)

**Income Statement**

Rs. in actuals

| | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Revenue | 3,290,625 | 3,786,750 | 4,349,194 | 4,986,259 | 5,707,245 | 6,522,566 | 7,443,878 | 8,385,573 | 9,224,131 | 10,146,544 |
| Cost of goods sold | 2,131,600 | 2,344,760 | 2,579,236 | 2,837,160 | 3,120,876 | 3,432,963 | 3,776,259 | 4,153,885 | 4,569,274 | 5,026,201 |
| Gross Profit | 1,159,025 | 1,441,990 | 1,769,958 | 2,149,099 | 2,586,369 | 3,089,602 | 3,667,618 | 4,231,688 | 4,654,857 | 5,120,342 |
| *General administration & selling expenses* | | | | | | | | | | |
| Administration expense | 120,000 | 132,000 | 145,200 | 159,720 | 175,692 | 193,261 | 212,587 | 233,846 | 257,231 | 282,954 |
| Rental expense | 274,176 | 301,594 | 331,753 | 364,928 | 401,421 | 441,563 | 485,720 | 534,291 | 587,721 | 646,493 |
| Utilities expense | 12,000 | 12,600 | 13,230 | 13,892 | 14,586 | 15,315 | 16,081 | 16,885 | 17,729 | 18,616 |
| Travelling & Comm. expense (phone, fax, etc.) | 54,000 | 59,400 | 65,340 | 71,874 | 79,061 | 86,968 | 95,664 | 105,231 | 115,754 | 127,329 |
| Office expenses (Printing & stationary, entertainment etc.) | 91,500 | 6,600 | 7,260 | 7,986 | 8,785 | 9,663 | 10,629 | 11,692 | 12,862 | 14,148 |
| Genset running expense | 165,000 | 181,500 | 199,650 | 219,615 | 241,577 | 265,734 | 292,308 | 321,538 | 353,692 | 389,061 |
| Depreciation expense | 192,912 | 192,912 | 192,912 | 224,537 | 220,522 | 220,522 | 257,131 | 252,483 | 252,483 | 294,864 |
| Amortization expense | 10,777 | 10,777 | 10,777 | 10,777 | 10,777 | - | - | - | - | - |
| Repair & Maintenance Expenses | 24,000 | 26,400 | 29,040 | 31,944 | 35,138 | 38,652 | 42,517 | 46,769 | 51,446 | 56,591 |
| Miscellaneous expense | 6,000 | 6,600 | 7,260 | 7,986 | 8,785 | 9,663 | 10,629 | 11,692 | 12,862 | 14,148 |
| Subtotal | 950,364 | 930,382 | 1,002,421 | 1,113,258 | 1,196,343 | 1,281,341 | 1,423,267 | 1,534,429 | 1,661,779 | 1,844,203 |
| Operating Income | 208,661 | 511,608 | 767,536 | 1,035,841 | 1,390,026 | 1,808,261 | 2,244,351 | 2,697,259 | 2,993,077 | 3,276,140 |
| Earnings Before Interest & Taxes | 208,661 | 511,608 | 767,536 | 1,035,841 | 1,390,026 | 1,808,261 | 2,244,351 | 2,697,259 | 2,993,077 | 3,276,140 |
| Interest expense | 81,971 | 75,045 | 65,943 | 56,084 | 45,408 | 33,845 | 21,323 | 7,761 | - | - |
| Earnings Before Tax | 126,690 | 436,563 | 701,594 | 979,757 | 1,344,618 | 1,774,416 | 2,223,028 | 2,689,497 | 2,993,077 | 3,276,140 |
| Tax | - | - | 19,814 | 52,393 | 105,416 | 174,843 | 261,812 | 353,220 | 424,950 | 491,134 |
| **NET PROFIT/(LOSS) AFTER TAX** | **126,690** | **436,563** | **681,780** | **927,363** | **1,239,203** | **1,599,572** | **1,961,216** | **2,336,277** | **2,568,128** | **2,785,006** |

## 11.2۔اثاثوں اور واجبات کا گوشوارہ (BALANCE SHEET)

**Balance Sheet**

Rs. in actuals

| | Year 0 | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **Assets** | | | | | | | | | | | |
| *Current assets* | | | | | | | | | | | |
| Cash & Bank | 313,612 | 371,243 | 764,482 | 1,378,728 | 2,243,569 | 3,386,976 | 4,847,807 | 6,671,520 | 8,834,858 | 11,398,371 | 14,254,696 |
| Pre-paid building rent | 22,848 | 25,133 | 27,646 | 30,411 | 33,452 | 36,797 | 40,477 | 44,524 | 48,977 | 53,874 | - |
| Total Current Assets | 336,460 | 666,838 | 1,103,368 | 1,766,606 | 2,686,850 | 3,892,861 | 5,424,385 | 7,327,870 | 9,573,059 | 12,210,394 | 15,088,659 |
| *Fixed assets* | | | | | | | | | | | |
| Furniture & fixtures | 177,500 | 159,750 | 142,000 | 124,250 | 106,500 | 88,750 | 71,000 | 53,250 | 35,500 | 17,750 | - |
| Office equipment | 128,000 | 85,333 | 42,667 | 148,176 | 98,784 | 49,392 | 171,532 | 114,355 | 57,177 | 198,570 | 132,380 |
| Total Fixed Assets | 707,000 | 514,088 | 321,177 | 741,227 | 516,691 | 296,169 | 785,229 | 528,097 | 275,614 | 844,559 | 549,695 |
| *Intangible assets* | | | | | | | | | | | |
| Pre-operation costs | 53,884 | 43,107 | 32,330 | 21,553 | 10,777 | - | - | - | - | - | - |
| Total Intangible Assets | 53,884 | 43,107 | 32,330 | 21,553 | 10,777 | - | - | - | - | - | - |
| **TOTAL ASSETS** | **1,097,344** | **1,224,034** | **1,456,874** | **2,529,387** | **3,214,317** | **4,189,031** | **6,209,613** | **7,855,967** | **9,848,673** | **13,054,952** | **15,638,354** |
| **Liabilities & Shareholders' Equity** | | | | | | | | | | | |
| *Current liabilities* | | | | | | | | | | | |
| Total Current Liabilities | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| *Other liabilities* | | | | | | | | | | | |
| Deferred tax | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Long term debt | 987,610 | 987,610 | 877,938 | 759,163 | 630,531 | 491,221 | 340,350 | 176,956 | - | - | - |
| Total Long Term Liabilities | 987,610 | 987,610 | 877,938 | 759,163 | 630,531 | 491,221 | 340,350 | 176,956 | - | - | - |
| *Shareholders' equity* | | | | | | | | | | | |
| Paid-up capital | 109,734 | 109,734 | 109,734 | 722,697 | 722,697 | 722,697 | 1,432,277 | 1,432,277 | 1,432,277 | 2,253,706 | 2,253,706 |
| Retained earnings | - | 126,690 | 469,202 | 1,047,527 | 1,861,090 | 2,975,112 | 4,436,986 | 6,246,734 | 8,416,396 | 10,801,247 | 13,384,648 |
| Total Equity | 109,734 | 236,424 | 578,937 | 1,770,224 | 2,583,787 | 3,697,809 | 5,869,264 | 7,679,011 | 9,848,673 | 13,054,952 | 15,638,354 |
| **TOTAL CAPITAL AND LIABILITIES** | **1,097,344** | **1,224,034** | **1,456,874** | **2,529,387** | **3,214,317** | **4,189,031** | **6,209,613** | **7,855,967** | **9,848,673** | **13,054,952** | **15,638,354** |

**نوٹ**:سمیڈا کی جانب سے پرائم منسٹر یوتھ بزنس لون سے متعلق تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جارہی ہیں

## 11.3۔ گردشِ نقد کا گوشوارہ (CASH FLOW STATEMENT)

**Cash Flow Statement**

Rs. in actuals

| | Year 0 | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| *Operating activities* | | | | | | | | | | | |
| Net profit | - | 126,690 | 342,513 | 578,325 | 813,563 | 1,114,022 | 1,461,874 | 1,809,748 | 2,169,662 | 2,384,851 | 2,583,402 |
| Add: depreciation expense | - | 192,912 | 192,912 | 192,912 | 224,537 | 220,522 | 220,522 | 257,131 | 252,483 | 252,483 | 294,864 |
| amortization expense | - | 10,777 | 10,777 | 10,777 | 10,777 | 10,777 | - | - | - | - | - |
| Deferred income tax | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Accounts receivable | - | (270,462) | (40,777) | (46,228) | (52,362) | (59,259) | (67,013) | (75,724) | (77,400) | (68,923) | (75,815) |
| Finished good inventory | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Equipment inventory | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Raw material inventory | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Pre-paid building rent | (22,848) | (2,285) | (2,513) | (2,765) | (3,041) | (3,345) | (3,680) | (4,048) | (4,452) | (4,898) | 53,874 |
| Pre-paid lease interest | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Advance insurance premium | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Accounts payable | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Other liabilities | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Cash provided by operations | (22,848) | 57,631 | 502,910 | 733,020 | 993,474 | 1,282,716 | 1,611,703 | 1,987,107 | 2,340,293 | 2,563,514 | 2,856,325 |
| *Financing activities* | | | | | | | | | | | |
| Change in long term debt | 987,610 | - | (109,672) | (118,774) | (128,633) | (139,309) | (150,872) | (163,394) | (176,956) | - | - |
| Change in short term debt | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Change in export re-finance facility | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Add: land lease expense | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Land lease payment | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Change in lease financing | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Issuance of shares | 109,734 | - | - | 612,962 | - | - | 709,581 | - | - | 821,428 | - |
| Purchase of (treasury) shares | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Cash provided by / (used for) financing activitie | 1,097,344 | - | (109,672) | 494,188 | (128,633) | (139,309) | 558,709 | (163,394) | (176,956) | 821,428 | - |
| *Investing activities* | | | | | | | | | | | |
| Capital expenditure | (760,884) | - | - | (612,962) | - | - | (709,581) | - | - | (821,428) | - |
| Acquisitions | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Cash (used for) / provided by investing activitie | (760,884) | - | - | (612,962) | - | - | (709,581) | - | - | (821,428) | - |
| **NET CASH** | **313,612** | **57,631** | **393,239** | **614,246** | **864,841** | **1,143,407** | **1,460,831** | **1,823,713** | **2,163,338** | **2,563,514** | **2,856,325** |

**نوٹ**: سمیڈا کی جانب سے پرائم منسٹر یوتھ بزنس لون سے متعلق تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جارہی ہیں

## 11.4۔ سودمند انتظامی تجاویز (Useful Project Management Tips)

**منڈی کی رسائی اور فراہمی**

**نرخ، بھاری ڈسکاؤنٹ، لاگت جمع تجارتی رعایت:**

☆ نرخ کو کبھی بھی معیار میں کمی کی وجہ نہیں بننا چاہیے۔تعارفی مرحلے میں نرخ کم رکھ کر ان سے تشہیری کام لیا جاسکتا ہے۔نرخ مقرر کرنے سے قبل مصنوعات کی پیداواری لاگت کا محتاط اندازہ میں تخمینہ لگایا جانا چاہیے۔

☆ انٹرنیٹ پر اشتہارات اور تشہیر، کاروباری تشہیر اور بینر و لانچنگ تقریبات کے ذریعے کام پھیلانے کی بھرپور سفارش کی جاتی ہے۔

**افرادی وسائل**

☆ موزوں اور قابلیت کے حامل: ہنرمند اور تجربہ کار عملہ سرمایہ کاری کے مترادف ہوتا ہے۔

☆ کارکردگی سے مشروط نفع: افرادی قوت کا انتظام کرتے ہوئے کارکردگی کو پیمانہ بنانا چاہیے۔اور اسی کو پیش نظر رکھ کر صلہ دیا جانا چاہیے۔

☆ تربیت اور ہنر میں بہتری: ماہرین کی مدد سے اپنی اور اپنے ملازمین کی تربیت اور ہنر میں بہتری کی کوششوں کو سراہا جاتا ہے۔بہترین انداز سے اپنا کام انجام دینا کامیابی کی سیڑھی ہے۔ٹریننگ اور سکل ڈویلپمنٹ (T&SD) پر جتنا خرچ کیا جائے گا اس کے فوائد اور صلہ اسی قدر ہوگا۔

## 11.5۔ کارآمد روابط (USEFUL LINKS)

- Prime Minister's Office, www.pmo.gov.pk
- Government of Pakistan, www.pakistan.gov.pk
- Ministry of Industries & Production, www.moip.gov.pk
- Ministry of Education, Training & Standards in Higher Education, http://moptt.gov.pk
- Government of Punjab, www.punjab.gov.pk
- Government of Sindh, www.sindh.gov.pk
- Government of Khyber Pakhtunkhwa, www.khyberpakhtunkhwa.gov.pk
- Government of Balochistan, www.balochistan.gov.pk
- Government of Gilgit Baltistan, www.gilgitbaltistan.gov.pk
- Government of Azad Jamu Kashmir, www.ajk.gov.pk
- Trade Development Authority of Pakistan (TDAP), www.tdap.gov.pk
- Securities & Exchange Commission of Pakistan (SECP), www.secp.gov.pk
- Federation of Pakistan Chambers of Commerce and Industry (FPCCI) www.fpcci.com.pk
- State Bank of Pakistan (SBP), www.sbp.org.pk
- National Bank of Pakistan (NBP), www.nbp.com.pk
- First Women Bank Limited (FWBL) www.fwbl.com.pk
- Pakistan Software Houses Association (PASHA) www.pasha.org.pk
- Pakistan Software Export Board www.pseb.org.pk

## 12۔ کلیدی مفروضے (KEY ASSUMPTIONS)

جدول 9: عملی مفروضے

| | |
|---|---|
| کام کے گھنٹے (فی شفٹ) | 06 |
| شفٹ کا دورانیہ (گھنٹے) | 08 |
| کام کے دن (فی مہینہ) | 25 |
| کام کے دن (سالانہ) | 300 |
| جدول 10 آمدن کے مفروضے | |
| ابتدائی استعداد (فیصد) | 65 فیصد |
| سالانہ استعداد (لائنز) | 1,125,000 |
| سالانہ عملی استعداد (لائنز) | 731,250 |
| قیمت فی لائن (روپے) | 4.50 |
| ٹائپنگ کی استعداد فی گھنٹے (لائنز) | 125 |
| جدول 11: اخراجات کے مفروضے | |
| سوفٹ ویئر کی تجدید کے سالانہ اخراجات (روپے) | 10,000 |
| سالانہ پرینٹنگ اور سٹیشنری (روپے) | 24,000 |
| سالانہ تفریحی اخراجات (روپے) | 67,500 |
| بجلی کے ریٹ کی شرح نمو (فیصد) | 10 فیصد |
| بجلی کے سالانہ اخراجات (روپے) | 237,600 |
| آئی ٹی آلات کی قدر میں کمی (فیصد) | 33 فیصد |
| دفتری آلات کی قدر میں کمی (فیصد) | 33 فیصد |
| فرنیچر کی قدر میں کمی (فیصد) | 10 فیصد |
| جدول 12: فنانشل مفروضے | |
| منصوبے کی مدت (سال) | 10 |
| بینک کا قرضہ | 90 فیصد |
| ذاتی سرمایہ | 10 فیصد |
| قرضہ کا دورانیہ (سال) | 8 |
| رایتی مدت (سال) | 1 |
| شرح منافع | 8 فیصد |